# تعلیمی مقابلے

## (قواعد و ضوابط)

یہ مقابلے دہلی کے مڈل اور سیکنڈری/سینئر سیکنڈری اردو میڈیم اسکولوں اور ایسے اسکولوں کے طلبا و طالبات کے درمیان کرائے جاتے ہیں جہاں اردو بحیثیت زبان پڑھائی جاتی ہے۔
پرائمری اسکول صرف مضمون نویسی اور پینٹنگ مقابلوں میں شرکت کر سکتے ہیں۔

مقابلوں میں صرف سرکاری اسکول، سرکاری امداد سے چلنے والے اسکول سرکار سے منظور شدہ اسکول، ایم۔سی۔ڈی اور این۔ڈی۔ایم۔سی کے اسکول شرکت کر سکتے ہیں

یہ سبھی مقابلے Combind (لڑکے اور لڑکیوں کے ایک ساتھ) منعقد کیے جائیں گے۔


اردو اکادمی دہلی
(دہلی سرکار)

سی۔پی۔او۔ بلڈنگ، کشمیری گیٹ، دہلی ۱۱۰۰۰۶
Phone:23865436,23863858,23863566, 23863697
Email: urduacademydelhi@gmail.com
Website:https://urduacademydelhi.com/

اُردو اکادمی، دہلی اسکولوں کے طلبا و طالبات میں تعلیم کا ذوق وشوق پیدا کرنے اور ان میں مسابقت کا جذبہ پیدا کرنے کے لیے تعلیمی مقابلے منعقد کرتی رہی ہے۔ اکادمی ان مقابلوں میں اول، دوم اور سوم آنے والے طلبا و طالبات اور ٹیموں کو انعامات دیتی ہے اور کبھی کبھی کچھ لائق بچوں کی حوصلہ افزائی کے لیے بھی انعامات بھی الگ سے بھی دیے جاتے ہیں۔

علاوہ ازیں ان مقابلوں میں میں بہترین کارکردگی کا مظاہرہ کرنے والے اسکول کو مبلغ اکیس ہزار روپے (Rs.21,000/-) اور بہترین شرکت کرنے والے اسکول کو بھی مبلغ اکیس ہزار روپے (Rs.21,000/-) کا انعام دیا جائے گا۔

واضح ہو کہ اِن طالب علموں کے نام جو ان مقابلوں میں شرکت کرنا چاہیں اسکولوں کے ذریعہ دفتر اکادمی کو مقررہ تاریخ تک ضرور مل جانے چاہئیں۔

مقابلوں میں شرکت کرنے والے طالب علموں کے پاس ان کے شناختی کارڈ نہ ہوں تو ان طالب علموں کے دستخط تصدیق کر کے ضرور بھیجیں ورنہ طالب علم مقابلوں میں شرکت نہ کرسکیں گے۔ تحریری امتحانات کے علاوہ بقیہ مقابلوں کے نتائج کا اعلان مقابلہ میں موجود جج صاحبان کے فیصلہ کے مطابق اسی وقت کیا جائے گا۔ اُن کا فیصلہ قطعی آخری اور حتمی ہوگا۔ فیصلوں پر کسی طرح کا اعتراض قابلِ قبول نہیں ہوگا۔ تعلیمی مقابلوں سے متعلق تفصیلات یعنی تاریخ، وقت اور مقام کی اطلاع اسکولوں کو علیحدہ سے دی جارہی ہے۔

## فی البدیہہ تقریری مقابلہ

(برائے طلبا و طالبات، سینئر سیکنڈری زمرہ)

یہ مقابلہ سینئر سیکنڈری زمرے یعنی گیارہویں اور بارہویں جماعت کے طلبا و طالبات کے لیے مشترک ہوگا۔ تقریر کا موضوع دس منٹ پہلے دیا جائے گا۔ مقابلے میں تقدیم و تاخیر کا فیصلہ قرعہ اندازی کے ذریعے ہوگا۔ مقابلے میں شرکت کرنے والے طالب علموں کو زیادہ سے زیادہ ۴ منٹ کا وقت دیا جائے گا پہلے تین منٹ گزرنے پر گھنٹی بجائی جائے گی اور دوسری گھنٹی چار منٹ مکمل ہونے پر۔ اس کے بعد کوئی وقت نہیں دیا جائے گا۔

اس مقابلے میں ایک اسکول سے زیادہ سے زیادہ دو طالب علم شرکت کرسکتے ہیں۔

## تقریری مقابلہ (اکادمی کے منتخب موضوعات پر)

برائے طلباء و طالبات (پرائمری، مڈل، سیکنڈری اور سینئر سیکنڈری زمرہ)

(یہ مقابلہ طلباء و طالبات کے لیے مشترک ہوگا)

تقریری مقابلوں کو درج ذیل چار زمروں میں تقسیم کیا گیا ہے:-

۱۔ سیکنڈری زمرہ: اس میں نویں اور دسویں جماعت کے طالب علم شرکت کرسکتے ہیں۔

۲۔ سینئر سیکنڈری زمرہ: اس زمرے میں گیارہویں اور بارہویں جماعت کے طالب علم شرکت کرسکتے ہیں۔

۳۔ مڈل زمرہ: اس زمرے میں چھٹی سے آٹھویں جماعت کے طالب علم شرکت کرسکتے ہیں۔

۴۔ پرائمری زمرہ: اس زمرے میں دوسری جماعت سے پانچویں جماعت کے طالب علم شرکت کرسکتے ہیں۔

نوٹ: ہر زمرے میں ایک اسکول سے زیادہ سے زیادہ دو طالب علم شرکت کرسکتے ہیں۔ اس مقابلے میں ہر زمرے کے لیے پانچ منٹ کا وقت مقرر ہے۔ تقریر اکادمی سے بھیجے گئے موضوع پر زبانی کرنی ہوگی کاغذ یا کتاب دیکھ کر تقریر کرنا قابلِ قبول نہیں ہوگا۔

## بیت بازی مقابلہ

(یہ مقابلہ طلبا و طالبات کے لیے مشترک ہوگا)

بیت بازی مقابلے میں طالب علموں کو دو زمروں میں تقسیم کیا گیا ہے:

۱۔ مڈل زمرہ (چھٹی سے آٹھویں جماعت تک)

۲۔ سکینڈری و سینئر سکینڈری زمرہ (نویں سے بارہویں جماعت تک)

اس مقابلے میں ایک ٹیم میں زیادہ سے زیادہ چار طالب علم شرکت کر سکتے ہیں۔ ایک زمرے کے درجات سے ایک ٹیم شرکت کر سکتی ہے۔

دونوں زمروں کے مقابلے کے لیے دس منٹ کا وقت مقرر کیا گیا ہے۔ فلمی گانوں کے اشعار مقابلے میں پڑھنے کی اجازت نہیں ہے۔ اگر ایسا ہوا تو اس کے نمبر نہیں دیے جائیں گے۔

شعر غلط ہونے پر ایک ٹیم دوسری ٹیم کو نہیں ٹوکے گی، جج صاحبان اس کا فیصلہ خود کریں گے۔ کونسی ٹیم کا مقابلہ کس ٹیم کے ساتھ ہوگا، اس کا فیصلہ قرعہ اندازی کے ذریعہ کیا جائے گا۔

## مقابلہ غزل سرائی (ترنّم سے بغیر ساز کے)

(برائے مڈل، سکینڈری و سینئر سکینڈری زمرہ)

یہ مقابلہ طلباء اور طالبات کے لیے مشترک ہوگا اور مندرجہ ذیل تین زمروں پر مشتمل ہوگا:-

۱۔ مڈل زمرہ (چھٹی سے آٹھویں جماعت)

۲۔ سیکنڈری زمرہ (نویں اور دسویں جماعت)

۳۔ سینئر سیکنڈری زمرہ (گیارہویں اور بارہویں جماعت) کے طلبا و طالبات کے لیے ہوگا۔

ایک زمرے میں ایک اسکول سے دو طالب علم شرکت کر سکتے ہیں۔ اس مقابلے میں تینوں زمروں کے لیے ایک غزل کے زیادہ سے زیادہ تین اشعار پڑھے جائیں گے۔ فلمی گانے یا فلموں کے لیے لکھی گئی غزلیں پڑھنے کی اجازت نہیں ہے۔ اگر ایسا ہوا تو اس کے نمبر نہیں دیے جائیں گے۔

## مقابلہ اردو ڈراما

یہ مقابلہ مندرجہ ذیل دو زمروں پر طلباء و طالبات کے لیے (مشترک) منعقد کیا جائے گا۔

۱۔ مڈل زمرہ (چھٹی تا آٹھویں جماعت)

۲۔ سکینڈری و سینئر سکینڈری زمرہ (نویں تا بارہویں جماعت)

ڈرامے کے لیے زیادہ سے زیادہ پندرہ (15) منٹ دیے جائیں گے ایک ٹیم میں سات سے زائد طالب علم شرکت نہیں کر سکتے۔ ڈرامہ میں غیر شائستہ ذومعنی مکالموں اور غیر مہذب جملوں سے گریز کیا جائے۔ کوشش کی جائے کہ ڈرامے نئے، دلچسپ اور معیاری ہوں اگر ڈرامے اساتذہ کے مشورے سے تیار کئے جائیں تو زیادہ بہتر ہوگا۔

## مقابلہ سوال و جواب (کوئز)

### (یہ مقابلہ طلباء و طالبات کے لیے مشترک ہوگا)

سوال و جواب (کوئزم) مقابلہ میں طالب علموں کو دو زمروں میں تقسیم کیا گیا ہے:

۱۔ مڈل زمرہ

۲۔ سکینڈری و سینئر سکینڈری زمرہ

مڈل زمرے کے مقابلے میں ایک ٹیم میں زیادہ سے زیادہ تین طالب علم اور سکینڈری و سینئر سکینڈری زمرے میں چار طالب علم شرکت کر سکتے ہیں۔ ایک زمرے کے درجات سے ایک ٹیم شرکت کر سکتی ہے۔ مقابلہ کے لیے دس منٹ کا وقت مقرر ہے۔

یہ مقابلہ تین حصوں پر مشتمل ہوگا۔

۱۔ اُردو زبان و ادب

۲۔ سائنس

۳۔ عام معلومات (جنرل نالج)

جواب صحیح یا غلط ہونے کا فیصلہ جج صاحبان کریں گے۔ کوئز سے متعلق دیگر قواعد و ضوابط کوئز ماسٹر خود بتائیں گے۔

نوٹ: مندرجہ ذیل تحریری مقابلوں میں شرکت کی منظوری مقابلے شروع ہونے سے پہلے دفتر اردو اکادمی کو ضرور بھیج دیں تاکہ انتظامات میں دشواری نہ ہو۔

## مقابلہ مضمون نویسی

### (برائے پرائمری اور مڈل زمرہ)

یہ مقابلہ طلباء و طالبات کے لیے مشترک ہوگا۔ ہر زمرے میں ایک اسکول سے زیادہ سے زیادہ تین طالب علم شرکت کر سکتے ہیں۔ مقابلے میں شرکت کرنے والے طلباء و طالبات کو موضوعات دیئے جائیں گے اور لکھنے کے لیے کاپیاں دی جائیں گی دونوں زمروں کے لیے ایک گھنٹے کا وقت مقرر ہے۔ مضمون کم سے کم ڈیڑھ سو الفاظ کا ہونا چاہیے۔ مضمون لکھنے کے لیے بال پوائنٹ (Pen) قلم کا استعمال کیا جائے۔

## مقابلہ مضمون نویسی اور خطوط نویسی

### (برائے سیکنڈری و سینئر سیکنڈری زمرہ)

یہ مقابلہ طلباء و طالبات کے لیے مشترک ہوگا۔ اس مقابلے میں سکینڈری و سینئر سکینڈری زمرے کے طالب علم شرکت کر سکتے ہیں۔ ہر زمرے میں ایک اسکول سے زیادہ سے زیادہ تین طالب علم شرکت کر سکتے ہیں۔ مقابلے میں شرکت کرنے والے طلبا و طالبات کو موضوعات دیے جائیں گے اور کاپیاں بھی دی جائیں گی۔ دونوں زمروں کے لیے ڈیڑھ گھنٹے کا وقت مقرر ہے۔ مضمون کم سے کم دو سو الفاظ کا ہونا چاہیے اور خط کم سے کم ایک سو الفاظ کا خطوط نویسی کے قواعد و ضوابط کی پابندی کے ساتھ لکھنا ہوگا۔ مضمون لکھنے کے لیے بال پوائنٹ (Pen) قلم کا استعمال کیا جائے۔

# مقابلہ خوش خطی

( برائے پرائمری، مڈل، سیکنڈری اور سینئرسیکنڈری زمرہ)

یہ مقابلہ طلباء وطالبات کے لیے مشترک ہوگا۔ اس مقابلے میں پرائمری تا سینئر سیکنڈری زمرے کے طالب علم شرکت کر سکتے ہیں۔ ہر زمرے میں ایک اسکول سے زیادہ سے زیادہ تین طالب علم شرکت کر سکتے ہیں۔ مقابلے میں شرکت کرنے والے طلبا وطالبات کو خوشخطی کا پرچہ دیا جائے گا اور لکھنے کے لیے کاپیاں بھی دی جائیں گی۔ ہر زمرے کے لیے ڈیڑھ گھنٹے کا وقت مقرر رہے۔ خوش خط لکھنے کے لیے بال پوائنٹ (Pen) قلم کا استعمال کیا جائے۔

# ''امنگ'' پینٹنگ مقابلہ

اکادمی کی جانب سے منعقد ہونے والے امنگ پینٹنگ مقابلے میں اردو میڈیم اسکولوں کے ساتھ ساتھ ان اسکولوں کے طلباء وطالبات بھی حصہ لے سکتے ہیں جہاں اردو بحیثیت مضمون پڑھائی جارہی ہے۔

یہ مقابلہ مندرجہ ذیل تین زمروں پر مشتمل ہوگا جس میں طلبا وطالبات کو اپنا نام، اسکول کا نام اور پینٹنگ کا عنوان اردو میں لکھنا ہوگا:

۱۔ پرائمری زمرہ: درجہ دوم (IInd) تا درجہ پنجم (Vth) کے طلبا وطالبات

۲۔ مڈل زمرہ: درجہ ششم (VIth) تا درجہ ہشتم (VIIIth)) کے طلبا وطالبات

۳۔ سیکنڈری وسینئر سیکنڈری زمرہ: درجہ نہم (XIth) تا درجہ دوازدہم (XIIth) کے طلبا وطالبات

- ہر اسکول ایک زمرے میں پانچ طالب علموں کو تصدیق نامے کے ساتھ مقابلے کے لیے بھیج سکتا ہے۔
- بچوں کو اپنا کلر بکس وغیرہ ساتھ لانا ہوگا۔ ڈرائنگ شیٹ اکادمی کی طرف سے دی جائے گی۔
- طالب علموں کو موقعے پر ۴۔۵ موضوعات دئے جائیں گے جن میں سے کسی ایک پر انھیں پینٹنگ بنانی ہوگی۔
- پینٹنگ بنانے کے لیے ڈھائی گھنٹے کا وقت دیا جائے گا۔

# گروپ سانگ مقابلہ

یہ مقابلہ پرائمری سطح کے طلبا وطالبات کے لیے ہے، جس میں ہر گروپ میں زیادہ سے زیادہ 8 طلبا وطالبات حصہ لے سکتے ہیں۔ صرف قومی یا حب الوطنی پر مبنی نغمات کی اجازت ہے، فلمی گانے ممنوع ہیں۔ ہر گروپ کو 10 منٹ دیے جائیں گے، وقت کی پابندی لازمی ہے ورنہ نمبر کم کیے جاسکتے ہیں۔ طلبا وطالبات سادہ اور مناسب لباس پہنیں، البتہ قومی رنگ یا پرچم سے ہم آہنگ تیاری کی اجازت ہے۔ گروپ سانگ ہارمونیم اور طبلہ کے ساتھ بھی پیش کیا جاسکتا ہے۔ نمبر آواز کی ہم آہنگی، تلفظ اور مجموعی پیشکش پر دیے جائیں گے۔

# بلند خوانی مقابلہ

یہ مقابلہ پرائمری زمرے کے طلبا وطالبات کے لیے مخصوص ہے۔ اس میں ایک اسکول سے زیادہ سے زیادہ دو طالب علم شرکت کر سکتے ہیں۔ مقابلے کے لیے ہر طالب علم کو زیادہ سے زیادہ پانچ منٹ دیے جائیں گے۔ چار منٹ مکمل ہونے پر پہلی گھنٹی اور پانچ منٹ مکمل ہونے پر دوسری گھنٹی بجائی جائے گی۔ اس کے بعد مزید وقت نہیں دیا جائے گا۔

جج صاحبان کی جانب سے طلبا کو نظم یا نثر پڑھنے کے لیے دیا جائے گا اور آواز، تلفظ اور پیشکش کی بنیاد پر نمبر دیے جائیں گے۔

◆◆◆